حکومتِ پاکستان سے باقاعدہ تصدیق شدہ اشاعت
لاہور
پاکستان

یوتھ انٹرنیشنل

جتوئی پاکستان کے پہلے باعزت وزیر اعظم

شاہ فہد ایک مدبر بادشاہ

..... اور میاں نواز شریف وزیر اعظم بن گئے

حسن کی ملکہ نمبر ون اداکارہ مادھوری ڈکشٹ

NOTICE OF DISMISSAL FROM SERVICE

8463846 Mr Muhammad Nasir
Ex - Sub Engineer B&R Gde - II
Gali Arainwali, House No.w/1741
GUJRANWALA.

Dismissal order bearing No.8463846/EIC - II dated 14 Oct 90 sent at your permanent address under Registered Post has been received back undelivered.

You are therefore informed through this publications that show cause Notice No. 21203/846/A dated 24 Mar 90 served on you by DG CWO has been finalized by EinC (Authority) by awarding the following punishments :-

a. Dismissed from services.

b. Absence period wef 19 Feb 90 to 09 Oct 90 will be regularized as EOL without pay/allowances.

Dated of Award : 09 Oct 1990.

Lt. Col.
for Engineer-in-Chief
(Syed Shamsuddin)
6 Nov. 1990

PID (I) 1687.

129 سالہ خدمت کا
ایک نایاب ریکارڈ

پاکستان ریلویز کی بنیاد ۱۸۶۱ء میں رکھی گئی۔ اس طرح ہمیں عوام کی خدمت
کرتے ہوئے ۱۲۹ سال ہو گئے ہیں۔
خدمت کا اتنا لمبا ریکارڈ خاصہ نایاب ہے اور ہمیں اس پر بے انتہا فخر ہے۔

آپ کا تعاون۔ بہتر خدمت کی ضمانت

پاکستان
ریلوے

Midas

CAPITAL DEVELOPMENT AUTHORITY

(Procurments Directorate)

TENDER NOTICE

Sealed tenders are invited for the appointment of Clearing & Forwarding Agents at Islamabad Airport as per terms and conditions laid down in the tender documents.

Tender documents are obtainable on payment of Rs. 200/- (non-refundable) from Date of Procurments, CDA Sitara Market, C-7, Markaz, Islamabad OR Liaison Office, Room No. 1, 4th Floor, Habib Bank Building, Corner M.A. Jinnah/Abdullah Haroon Road, Karachi.

The undersigned reserves the right to reject any or all the tenders witout assigning any reason.

The tender will be received upto 1100 hours on 3rd December, 1990, and will be opened in public on the same day in the office of the undersigned at 1130 hours. No tender will be sold on the date of opening of tenders.

PID(I) 1720.

(S.ALI RAZA)
Director Procurement
Tele : 823454



NFC

Worth its grain

Modern times are a true measure of expertise. Only the best have a chance to survive. By giving the optimum. By getting the optimum.

At NFC, we believe in that. Over the years, we have displayed an unwavering commitment to the cause of agriculture in Pakistan. To enhance the crop yield. To improve its quality. To better the lot of the farmer.

We believe that a piece of land can yield more, yield better, through a judicious use of fertilizers. To make that possible, NFC offers expertise in shape of agronomists and other professionals who provide free advice. Our experts help the farmer in a correct evaluation of his land requirements, and also guide him in making a right choice from amongst various kinds of fertilizers that NFC offers.

And to make it convenient for the farmer, NFC has the largest dealer network operating all over Pakistan, almost exclusively in the Northern Areas and Azad Kashmir.

NFC is trying to reach out to the farmer. Wherever he is. To work in unison with him. To give him the right advice. The right fertilizer: So that he could prosper. Pakistan could prosper.

NFC **Honouring a Commitment**

NFC.3.86 Danad

بین الاقوامی نوجوان برادری کا واحد حقیقی ترجمان

حکومتِ پاکستان سے باقاعدہ تصدیق شدہ اشاعت

یوتھ انٹرنیشنل

لاہور پاکستان

جلد: ۲ شمارہ: ۱۱، ۱۲، نومبر دسمبر ۱۹۹۰ء

ایڈیٹر انچیف: محمّد صدیق القادری

اس شمارے میں

۱. عراقی جارحیت ———— ۷
۲. وزیراعظم نواز شریف کی تقریر ———— ۸
۳. بے روزگار نوجوان ———— ۱۳
۴. مصطفےٰ جتوئی باعزت وزیراعظم ———— ۲۳
۵. مرتضیٰ جتوئی کا کھلا چیلنج ———— ۲۴
۶. صدر اسحاق کا دورہ جاپان ———— ۲۵
ماں دھوری ڈکشنٹ ———— ۲۷

اور بہت سی معلومات۔

پاکستان ---	۱۵ روپے
ہندوستان ---	۱۰۰ ڈالر
سعودی عرب ---	۵ ریال
بحرین، کویت ---	۵۰۰ فلس
انگلستان ---	۵۰ پونڈ
کینیڈا ---	۲ ڈالر

سب ایڈیٹرز
مس روبینہ قادری ● غلام مرتضیٰ القادری

قلمی معاونین
ڈاکٹر صغیر کامران ● غضنفر کاظمی
چوہدری اسلم ● مسز شہناز ارشد

عکاسی
تبسم نوید ● یامین صدیقی
فرمان قریشی ● صغیر احمد عادل

رپورٹرز
، توصیف القادری
، مس خالدہ ،

نمائندگان بیرونِ ملک
ایم عارف سلیمی (مغربی جرمنی) سلطان احمد (سعودی عرب)

قانونی مشیر اقبال محمود اعوان (ایڈووکیٹ)

سرکولیشن مینجر

قیمت: پندرہ روپے فی کاپی

خط و کتابت کے لیے
ماہنامہ یوتھ انٹرنیشنل اردو/انگلش۔ ایوانِ اوقاف بلڈنگ نزد ہائی کورٹ پوسٹ بکس نمبر ۲۲۴۶ جی پی او لاہور پاکستان۔ فون نمبر ۵۴۷۲۹

پبلشر محمد صدیق القادری نے ماہنامہ یوتھ انٹرنیشنل اردو/انگلش جبارت پرنٹرز ۲ سرکلر روڈ لاہور سے چھپوا کر دفتر ماہنامہ یوتھ انٹرنیشنل ایوانِ اوقاف بلڈنگ سے شائع کیا

سعودی سفیر جناب الیوسف مُطبقانی۔

تحریر:۔ صدیق القادری ایڈیٹر انچیف

۲ اگست کو اسلامی ملک عراق نے اپنے ہی ہم مذہب ہمسایہ چھوٹے اسلامی برادر ملک کویت پر قبضہ کر کے احسان فراموشی کی انتہا کر دی۔ صدر صدام حسین کی کھلی جارحیت نے خلیج کے عرب ملکوں کو خطرناک صورت حال سے دوچار کر دیا ہے۔ جس سے تیل کا بین الاقوامی بحران پیدا ہو رہا ہے۔ خلیجی بحران پیدا ہو رہا ہے۔ خلیجی بحران نے غریب ملکوں کی معیشت پر ناقابل تلافی بوجھ ڈالا

عراق کا کویت پر قبضہ بین الاقوامی بحران کا پیش خیمہ ہے

ہے۔ پاکستان بھی برادر اسلامی ملک ہونے کے ناطے اس معاشی بحران کی براہ راست زد میں ہے۔ عرب ریاستوں میں کام کرنے والے لاکھوں پاکستانی بے روزگار ہو چکے ہیں۔

عراقی صدر صدام حسین نے خطرناک غلطی کر کے بڑی طاقتوں کو علاقے میں فوجی مداخلت کا جواز فراہم کیا ہے۔ حالات روز بروز خطرناک ہوتے جا رہے ہیں۔ اگر خدانخواستہ جنگ چھڑ گئی تو عراق سمیت خلیج اور تمام عرب تباہ و برباد ہو کر کھنڈرات میں تبدیل ہو جائے گی۔ عربوں کے تیل پر سپر پاور قبضہ جمالیں گی۔ عرب ممالک کی خستہ حالی سے عالم اسلام کے مشترکہ مفادات کو ناقابلِ تلافی نقصان پہنچے گا۔

عراقی عوام اپنے برادر اسلامی ملک ایران کے ساتھ طویل لڑائی کے مضمرات سے اچھی طرح آگاہ ہیں۔ عراقی عوام ہرگز جنگ کے راستے کو پسند نہیں کریں گے۔ عراقی حکومت اور عوام جنگ کی ہولناک تباہی سے یقیناً خوف زدہ ہیں۔ خلیجی جنگ کی صورت میں صدام کا اقتدار اور زندگی دونوں خطرے میں پڑ جائیں گی۔ عراق مسلمانوں کا نقصان بھی عالم اسلام خصوصاً عرب دنیا کا نقصان ہوگا۔

ہمارے نزدیک عراقی مسلمانوں اور صدر صدام حسین کا بہترین مفاد صرف اسی میں ہے کہ عراق ہوش سے کام لے کر سعودی عرب اور دیگر خلیج کے دیگر عرب ممالک کو ہولناک تباہی و بربادی سے بچانے کے لئے دنیا بھر کے مسلمانوں اور عالمی برادری کے احساسات جذبات اور خیالات کا احترام کرے۔ فوری طور غیر مشروط طور پر کویت سے اپنی فوجیں نکال لے۔ اسلامی ملک کویت کی آزادانہ خود مختار حیثیت بحال کرے۔ اگر عراقی قیادت نے ایسا نہ کیا تو تاریخ کبھی صدام حسین کو معاف نہیں کرے گی۔

ہم سمجھتے ہیں اسلامی ممالک خصوصاً عرب لیگ عراق اور کویت کے مابین افہام و تفہیم کرائے۔ موجودہ بحران میں قیام امن و اتحاد امت مسلمہ کے اتحاد کے لئے خادم الحرمین شاہ فہد بن عبدالعزیز کے اصولی مؤقف کی حمایت میں اپنا تاریخی رول ادا کرے۔

اسلامی جمہوری اتحاد کی حکومت خصوصاً پاکستان کے منتخب وزیراعظم میاں محمد نواز شریف کے برسرِ اقتدار آنے سے پاکستان اور سعودی عرب کے درمیان برادرانہ تعلقات میں نئے دور کا آغاز ہو چکا ہے۔

سعودی عرب کی فراخدلانہ مالی امداد نے اہل پاکستان کے دل جیت لئے ہیں۔ پاکستان میں متعین سعودی عرب کے سفیر مسٹر یوسف مطبقانی کی شب و روز گرانقدر مخلصانہ سفارتی کوششوں سے پاک سعودیہ برادرانہ، دوستانہ تعلقات میں قابلِ فخر گرم جوشی اور قربت آئی ہے۔

مسٹر مطبقانی میاں نواز شریف کے حالیہ دورہ سعودی عرب سے کافی مطمئن و مسرور نظر آتے ہیں۔ یہ بھی ایک حقیقت ہے پاکستان کی حکومت اور ہر شعبۂ زندگی کے اکابرین خصوصاً تمام عقائد کے تعلق رکھنے والے علماء و مشائخ سمیت عوام کی عراقی جارحیت کے خلاف خادم الحرمین شاہ فہد بن عبدالعزیز کے اصولی مؤقف میں زبردست حمایت یوسف مطبقانی کی بے مثال سفارتی، ذاتی خدمات کا صلہ ہے۔ مسٹر مطبقانی قابل فخر دوست ہر دلعزیز شخصیت ہمدرد، مخلص سلجھے ہوئے انسان اور منجھے ہوئے سفارت کار ہیں۔ جن کی قابلِ تعریف سفارتی خدمات نے پاکستانیوں کو اپنا ہم خیال بنالیا ہے۔

وزیراعظم نواز شریف کا قوم کے نام پیغام

وزیر اعظم جناب نواز شریف کے ریڈیو اور ٹیلی ویژن پر قوم سے خطاب کا مکمل متن حسب ذیل ہے

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

میرے عزیز ہموطنو!

اسلام علیکم

نئی حکومت کو اپنی ذمہ داریاں سنبھالے ابھی صرف چار ہفتے ہوئے ہیں، اتنے قلیل عرصے میں کسی کارکردگی کا دعویٰ نہیں کیا جا سکتا، لیکن اتنا ضرور ہوا ہے کہ ہم انتخابی مہم کی ہنگامہ خیزی سے نکل آئے ہیں اور سیاسی محاذ آرائی سے بچنے کی پوری کوشش کر رہے ہیں معمول کی زندگی تیزی سے بحال ہو رہی ہے، عوام امید اور یقین کے ساتھ اپنے مستقبل کی طرف دیکھنے لگے ہیں یہ ایک اچھے اور خوشگوار سفر کی نشانیاں ہیں، مجھے اس بات

کا پورا احساس ہے کہ تیل کی قیمتوں میں حالیہ اضافے کی وجہ سے بہت سی دیگر اشیاء کی قیمتیں کسی مناسبت اور جواز کے بغیر بڑھ گئی ہیں،

ہر پاکستانی یہ جانتا ہے کہ کون سی ناگزیر وجوہ کی وجہ پر ہمیں یہ فیصلہ کرنا پڑا، خلیج کی صورتحال غیر یقینی ہوتے ہی ساری دنیا میں تیل کی قیمتیں فوراً بڑھ گئی تھیں، پاکستان اپنی ضرورت کا زیادہ تیل کویت سے خریدتا تھا، اس پر بیرونی قبضہ ہوتے ہی تیل کی فراہمی بند ہو گئی،

اس سے اندازہ کیا جا سکتا ہے کہ ہمیں یہ ناگوار فیصلہ کتنی مجبوری کے تحت کرنا پڑا ہے، مجھے تیل کی قیمتوں میں ساٹھ فیصد اضافے کا مشورہ دیا گیا تھا، لیکن میں نے اس میں ایک تہائی کمی کر دی، آج بھی ہمارے ہاں تیل کی قیمتیں پڑوسی ملکوں سے کم ہیں، مگر تیل کے نرخوں میں اضافے کی وجہ سے دوسری اشیاء کی قیمتوں میں بلاجواز اضافہ کر دیا

گیا، حکومت نے اس بات کا سختی سے نوٹس لیا ہے،

قومی ضروریات کے لیے زیادہ بوجھ ان طبقوں کو برداشت کرنا چاہیے جہاں دولت اور وسائل کی بہتات ہے، آزاد معاشرہ، لوٹ کھسوٹ کی آزادی کا نام نہیں اہلِ صنعتکاروں اور تاجروں کو آزادی کی ذمہ داریوں کا بھی احساس کرنا چاہیے، ہم نے کھلی مارکیٹ کی پالیسی اختیار کی ہے، لیکن عوام کو بے جا منافع خوروں اور ہوس زر میں مبتلا لوگوں کے رحم و کرم پر نہیں چھوڑا جا سکتا میں ناجائز منافع خوروں کو انتباہ کرتا ہوں کہ وہ حکومت کو مداخلت پر مجبور نہ کریں،

عزیز ہم وطنو!!

قومی خود مختاری کے تحفظ کے لیے قوم جس جوش اور جذبے کا اظہار کر رہی ہے، اسے دیکھ کر تحریک پاکستان اور ستمبر انیس سو پینسٹھ ۱۹۶۵ء کے دنوں کی یاد تازہ ہو گئی ہے، ہم لوگ عام حالات میں تساہل کا مظاہرہ کر جاتے ہیں، لیکن ہمارے عوام کو جب کسی چیلنج کا سامنا کرنا پڑا ہے تو وہ ایک بہادر، جرأت مند، منظم اور مضبوط قوم بن کر ابھرتے ہیں، بیرونی امداد کی بندش نے ہمارے عوام میں ایک بار پھر وہی جذبہ تازہ کر دیا ہے، یہ جذبہ انتخابات کے دنوں میں ظاہر ہوا اور وقت کے ساتھ ساتھ

اس میں شدت آتی جا رہی ہے، مجھے اہل وطن اور بیرون ملک مقیم پاکستانیوں کی طرف سے کثیر تعداد میں اپیلیں موصول ہو رہی ہیں کہ میں سیلف ریلائنس یعنی خود انحصاری کے نام پر ایک فنڈ قائم کر کے عوام سے عطیات دینے کی اپیل کروں، اس سلسلے میں امیروں، غریبوں، عورتوں بچوں، مزدوروں اور کسانوں حتیٰ کہ بوڑھے پنشنروں اور بیوہ عورتوں کی طرف سے پیشکش کی جا رہی ہے کہ ہم اپنے وطن کی خاطر زندگی کی ساری پونجی دینے کے لیے تیار ہیں مگر آپ مشروط اور توہین آمیز بیرونی امداد کی خاطر ملک کی عزت پر حرف نہ آنے دیں، یہ جذبہ دیکھ کر میرا سر فخر سے بلند ہو جاتا ہے، اگر کبھی ضرورت پڑی تو میں غیروں کی بجائے اپنوں سے مانگنے کو ترجیح دوں گا، فی الحال وطن کو آپ سے جن قربانیوں اور مجھے جس مدد کی ضرورت ہے اس کا تعلق قومی رویوں سے ہے، وطن کے لیے میں آپ سے قربانی کی اپیل کر رہا ہوں،

اگر آپ ایک گھریلو خاتون ہیں تو سادہ زندگی اختیار کر کے یہ قربانی دے سکتی ہیں،

اگر آپ طالب علم ہیں تو اپنے علم و قابلیت میں اضافہ اور نظم و ضبط کی پابندی کر کے قربانی دے سکتے ہیں،

اگر آپ مزدور ہیں تو پیداوار میں اضافہ اور صنعتی امن قائم کر کے قربانی دے سکتے ہیں،

اگر آپ کسان ہیں تو زرعی پیداوار بڑھا کر یہ قربانی دے سکتے ہیں،

اگر آپ سرکاری ملازم ہیں تو عام لوگوں سے شرافت اور خوش اخلاقی کا سلوک کر کے اور اپنے رزق سے رشوت کی غلاظت نکال کر یہ قربانی دے سکتے ہیں،

اگر آپ کارخانہ دار، تاجر اور دکاندار ہیں تو اپنے منافعے میں کمی اور پورا ٹیکس ادا کر کے یہ قربانی دے سکتے ہیں،

مجھے آپ کی مدد کی بھی ضرورت ہے مگر میں یہ مدد مال و دولت کی شکل میں نہیں لینا چاہتا، مجھے یہ مدد اس طرح چاہیے کہ آپ اپنے مشاغل پہ نظر ثانی کریں،

چائے اور پان کے شوق پر اربوں روپے کا قیمتی زرمبادلہ ضائع ہو رہا ہے، اگر آپ روزانہ چائے کے دو کپ اور پان کے چند پیسے کم کر دیں تو میں اس کو اپنی مدد سمجھوں گا،

اگر آپ شادی بیاہ کے موقع پر نمود و نمائش اور بجلی کے بے جا استعمال سے بچیں، جہیز کی لعنت سے محفوظ رہیں اور شادیوں میں ون ڈش کا اصول اپنائیں تو میں اسے اپنی مدد سمجھوں گا،

اگر آپ بیرونی استعمال کرنے کی جگہ ملکی مصنوعات استعمال کرنے کی عادت اپنا لیں، اگر آپ تمباکو نوشی پر خرچ ہونے والی رقم اپنے بچوں کی تعلیم و صحت پر خرچ کریں تو میں اسے اپنی مدد سمجھوں گا،

بیرون ملک مقیم پاکستانی زیادہ سے زیادہ زرمبادلہ وطن بھیج کر میری مدد کر سکتے ہیں، آپ کا ڈسپلن بھی میری مدد ہے،

ٹریفک کا نظام درست کر کے اگر آپ میرے کسی ہم وطن کو حادثے کا شکار ہونے سے بچا لیں تو یہ بھی میری مدد ہے،

اگر آپ معاشرے سے بدنظمی، افراتفری اور غنڈہ گردی ختم کرتے ہیں تو یہ بھی میری مدد ہے،

آپ اپنی کمائی غریبوں اور ناداروں کی بھلائی پر خرچ کر کے میری مدد کر سکتے ہیں،

اپیلیں موصول ہو رہی ہیں

خوراک اور دواؤں میں ملاوٹ کرنے والے اگر انسانی زندگیوں سے کھیلنا بند کر دیں تو میں اسے بھی اپنی مدد سمجھوں گا،

ابھی آپ سے مجھے صرف اتنی مدد کی ضرورت ہے، اس سے اللہ تعالیٰ کی بے پایاں رحمتیں شامل ہو جائیں گی،

عزیز ہم وطنو!!

میری سیاست کا بنیادی محور غریب اور سفید پوش طبقوں کی معاشی حالت میں بہتری پیدا کرنا اور معاشرے میں انہیں جائز اور باعزت مقام دلانا ہے، میں نے وزارت اعلیٰ کے دور میں بھی مشکلات کے باوجود زیادہ تر کام کسانوں، مزدوروں اور غریبوں کا ہے، یہ ملک انہی کے خون اور پسینے کی کمائی سے چل رہا ہے حکومت کے پاس پیسہ بھی ہے، اس پر سب سے زیادہ حق غریب کا ہے،

میری سوچیں اور میرے شب و روز غریبوں کے مسائل کے حل کے لیے وقف ہیں، میرا ایک ایک لمحہ اس ملک کے غریبوں کو اچھی اور بہتر زندگی مہیا کرنے کے طریقے سوچنے میں گزرتا ہے، اگر کوئی مجھ سے میری زندگی کے سب سے خوشگوار لمحے کے بارے میں سوال کرے تو اس کا جواب دینے میں ذرا بھی نہیں سوچنا پڑے گا،

مجھے اپنی زندگی کی سب سے بڑی خوشی کا وہ لمحہ اچھی طرح یاد ہے، جب میں لاہور میں محنت کشوں کے بچوں کے لیے قائم کیا گیا ایک اسکول دیکھنے گیا، وہاں صاف ستھرے ماحول میں اجلی وردیاں پہنے، مزدوروں کے حسین بچے پھولوں کی طرح کھلے ہوئے تھے، وہ کسی امیر کے بچوں سے نہ ذہانت میں کم تھے اور نہ خوبصورتی میں، آخر اس ملک کے کسان اور مزدور کا کیا قصور ہے کہ اس کے بچوں کو اچھا تعلیمی ماحول نہ ملے، میں اللہ کے فضل سے غریبوں کی دنیا بدل دینا چاہتا ہوں ہمیں ووٹ دینے والوں کی اکثریت کا تعلق غریبوں سے ہے، غریب ہی میرے ساتھی ہیں اور انہیں یہ بھی معلوم ہے کہ میں نے اپنے ساتھیوں کو کبھی دھوکا نہیں دیا، یہی وجہ ہے کہ جب حکومت کو تیل کی قیمتوں میں اضافہ کرنا پڑا تو عوام نے اس بات کو سمجھنے میں ذرا دیر نہ لگائی کہ نواز شریف کو یہ فیصلہ انتہائی مجبوری کی حالت میں کرنا پڑا ہوگا، مہنگائی کی آڑ لے کر کچھ لوگوں نے اپنے مقاصد کے لیے عوام کو بہکانے کی کوشش کی، لیکن وہ اس میں کامیاب نہیں ہوتے، آئندہ کے لیے بھی میری آپ سے یہی درخواست ہے کہ آپ کسی کے بہکاوے میں ہرگز نہ آئیں، بہکاوے میں آنے سے پہلے مجھ سے پوچھ لیں، میں آپ کا جوابدہ ہوں، میں آپ کا سچا ہمدرد ہوں، میں کسانوں اور مزدوروں کی زندگیوں میں انقلاب برپا کرنا چاہتا ہوں، آج ہی نہیں بلکہ مستقبل میں بھی انہیں خوشحال اور باعزت زندگی دینا چاہتا ہوں، میں نے قوم کے نام اپنے پہلے خطاب میں کہا تھا کہ میں غریبوں کو مہنگائی کے اثر سے بچانے کی کوشش کروں گا، اس سلسلے میں بہت سی ضروری اشیاء کے نرخوں پر کڑی نظر رکھی جا رہی ہے لازمی ضرورت کی بہت سی اشیاء سرکاری دکانوں پر سستی کر دی گئی ہیں، اس کے علاوہ آج میں تنخواہ دار طبقوں کا بوجھ کم کرنے کے لیے گریڈ ایک سے پندرہ تک کے تمام سرکاری اور پرائیویٹ ملازمین کو دو سو روپے ماہوار فوری اضافے کا اعلان کر رہا ہوں نجی اداروں کے مالکان کو بھی اس فیصلے پر فوری عملدرآمد کرنا پڑے گا، اس طرح حکومت نے شدید مالی مشکلات کے باوجود غریب آدمی کے لیے مہنگائی کا بوجھ کم کرنے کی حتی المقدور کوشش کی ہے لیکن اس طرح کے اقدامات کوئی مستقل علاج نہیں ہیں غربت سے نجات حاصل کرنے کا واحد راستہ پیداوار اور آمدنی دونوں میں اضافہ کرنا ہے، میں اپنی زرعی اور صنعتی پالیسیاں اس مقصد کے تحت مرتب کر رہا ہوں، میں چاہتا

ہوں کہ کھیتوں اور کارخانوں میں پیداوار کی فراوانی ہو اشیاء کی قیمت نہ بڑھے اور ہم آمدنی بڑھاتے چلے جائیں اشیاء کم ہوں تو ان کی بلیک ہوتی ہے، لیکن کھیتوں میں ترقی اور کارخانوں میں اضافے سے پیداوار بڑھنے لگے تو کام کرنے والوں کی بلیک ہوتی ہے، میں وطن عزیز میں ایسا معاشرہ قائم کرنا چاہتا ہوں جہاں پیداوار زیادہ ہو اور کام کرنے والے کم پڑ جائیں، یعنی میں روزگار کے اتنے زیادہ مواقع پیدا کرنا چاہتا ہوں کہ بے روزگاری کا نام و نشان تک باقی نہ رہے، اور ملک سے باہر کام کرنے والے پاکستانی بھائی ملک میں آکر کام کریں، ڈی نیشنلائزیشن کی پالیسی بھی اسی مقصد کے تحت اختیار کی جا رہی ہے، یہ تصور غلط ہے کہ معاشی نظام میں امیر زیادہ امیر ہو جائے گا، ہم امیروں کو زیادہ امیر نہیں کر رہے ہیں میں تو یہ ساری کوششیں بے روزگاروں کو روزگار دلانے کے لیے کر رہا ہوں، ہم قائداعظم کے نظریات کے مطابق پاکستان کو مسلمانوں کی ایک ترقی یافتہ فلاحی مملکت بنانے کا عزم رکھتے ہیں، ہم ایسا معاشی نظام لانا چاہتے ہیں جس میں محمود و ایاز ایک ہی صف میں کھڑے ہوں۔

ایک ہی صف میں کھڑے ہو گئے محمود و ایاز
نہ کوئی بندہ رہا اور نہ کوئی بندہ نواز •

ملک کی خوشحالی کا مطلب چند افراد کی خوشحالی نہیں پوری قوم کی خوشحالی ہوتا ہے، ایک ترقی یافتہ اور خوشحال پاکستان کے خاکے میں رنگ بھرنے کے لیے ہم نے صرف چار ہفتوں میں مواصلات کے شعبے میں دو اہم کام شروع کر دیئے ہیں، ٹیلی فون کا جدید ترین نظام اختیار کیا جا چکا ہے، اگلے دو تین سالوں میں ہر پاکستانی شہری فوری ٹیلیفون حاصل کر سکے گا، پاکستان میں ترقی یافتہ ملکوں کی طرح ہائی وے کی تعمیر کے منصوبے پر بھی عمل شروع ہو چکا ہے، سڑک ترقی کا پہلا زینہ ہوتی ہے یہ جس کھیت سے گذرتی ہے اس کی فصلوں کو سونا بنا دیتی ہے اور جس علاقے سے گذرتی ہے وہاں صنعتی انقلاب اپنا قدم رکھ دیتا ہے مواصلاتی نظام زرعی و صنعتی ترقی میں ریڑھ کی ہڈی کا درجہ رکھتا ہے ہم نے اقتدار میں آتے ہی یہ شعر سب سے پہلے پورا کرنے کا انتظام کیا۔

اگلا قدم توانائی کی فراہمی کا ہے، اس سلسلے میں بہت جلد اقدامات کئے جا رہے ہیں، ایک طرف ہم زرعی اور صنعتی ترقی کے لیے بنیادی ضرورتیں مہیا کر رہے ہیں اور دوسری طرف کسان کو اس کی پیداوار کی صحیح قیمت اور بے روزگاروں کو روزگار دلانے کیلئے ایسا ماحول پیدا کر رہے ہیں کہ گاؤں گاؤں کارخانے لگنے شروع ہو جائیں اور لوگوں کو گھر بیٹھے کام ملے، ملک میں زرعی و صنعتی انقلاب برپا کرنے کے لیے کچھ اہم فیصلے کئے گئے ہیں، کاشتکار اور کسان پاکستان کے سب سے زیادہ مظلوم لوگ ہیں، حکومتوں نے بھی زرعی تجارت میں آکر کسان اور زمیندار کو فائدہ پہنچانے کی بجائے خود نفع کمانا شروع کر دیا ہے، زمیندار اور کسان کی حالت اس وقت تک نہیں بدل سکتی جب تک ایک ایک گاؤں میں زرعی پیداوار کی خریداری کے لیے مقابلہ نہیں ہو گا، اور کسان کو اپنی فصل کی صحیح قیمت نہیں ملے گی، میں اس بات پر سب سے زیادہ توجہ دے رہا ہوں، کہ ترقی میں دیہی آبادی کا حصہ بڑھایا جائے، دیہی علاقوں میں ترقیاتی کاموں کے علاوہ زرعی اجناس پر مبنی کارخانے لگائے جائیں تاکہ زمیندار اپنی پیداوار کی پوری قیمت خود وصول کرے اور دیہی آبادی پر روزگار کے دروازے کھلیں اس مقصد کے لیے ہم نے مندرجہ ذیل فیصلے کئے ہیں۔

۱۔ دیہات میں کارخانے لگانے والوں سے پانچ سال تک کوئی ٹیکس نہیں لیا جائے گا۔ اور ان کے لیے درآمد کی جانے والی مشینری پر کسٹم ڈیوٹی معاف کر دی گئی ہے، اس مشینری پر امپورٹ سرچارج اور سیلز ٹیکس بھی نہیں لیا جائے گا۔

۲۔ دیہی علاقوں کی مشینری کے لیے امپورٹ فیس دو فیصد وصول کی جائے گی۔

۳۔ دیہی کارخانوں میں جو سرمایہ لگایا جائے گا۔ اس کے بارے میں حکومت کوئی پوچھ گچھ نہیں کرے گی۔ شرط یہ ہے کہ ایل سی ۳۱ دسمبر ۱۹۹۱ء سے پہلے کھول لی جائے یا مقامی مشینری کی خریداری کا معاہدہ اس تاریخ سے پہلے کر لیا جائے۔

مگر ٹیکس کسٹم ڈیوٹی کی چھوٹ اور دیگر سہولتوں سے تبھی فائدہ اٹھایا جا سکے گا کہ سرمایہ کار اپنی صنعت کی لاگت کی مناسبت سے رقم محنت کشوں، ان کے اہل خانہ اور علاقے کے لوگوں کی تعلیم اور علاج کے لیے سکولوں، کالج، ڈسپنسری یا ہسپتال تعمیر کرے گا۔

میرے زمیندار اور کسان بھائیو!!

پاکستان میں خفیہ دولت کے بے شمار خزانے ہیں میں نے ان خزانوں کے رُخ آپ کی طرف کر کے ان کے منہ کھول دیتے ہیں، اس فیصلے کے نتیجے میں دیہی علاقوں میں اتنی سرمایہ کاری ہو گی کہ انشاء اللہ میرے دیہاتی بھائیوں کی سابقہ محرومیوں کی تلافی ہو جائے گی۔

پورے ملک میں صنعتی ترقی کی رفتار تیز کرنے کے لیے بھی اہم فیصلے کئے گئے ہیں، نئے کارخانوں کے لیے تین سال تک ٹیکس کی چھوٹ پہلے سے موجود ہے اب یہ فیصلہ بھی کیا گیا ہے کہ آئندہ کوئی فیکٹری یا کارخانہ لگانے کے لیے حکومت سے اجازت لینا ضروری نہیں ہو گا، سرمایہ کاری کے لیے شرائط کو مزید آسان کر دیا گیا ہے درآمدی مشینری کے سلسلے میں سرمائے اور قرضے کی شرح اب ۴۰:۶۰ کی بجائے ۳۰:۷۰ کر دی گئی ہے اور ملک میں تیار ہونے والی مشینری نصب کرنے والے کارخانوں کے سلسلے میں یہ شرح ۲۰:۸۰ ہو گی، اس سلسلے میں مزید تفصیلات کا اعلان وزیر خزانہ اور وزیر صنعت عنقریب ایک کانفرنس میں کریں گے۔

عزیز ہم وطنو!!

پاکستانی قوم اب یہ ٹھان چکی ہے کہ حالات خواہ کتنے ہی کٹھن کیوں نہ ہوں وہ غیر کے آگے نہیں جھکے گی، ہم کسی مالی امداد یا قرضے کو اپنی بنیادی پالیسیوں پر اثر انداز نہیں ہونے دیں گے، ہم روکھی سوکھی کھا لیں گے لیکن اپنی آزادی، خود مختاری اور دفاع کے معاملات پر کوئی سمجھوتہ نہیں کریں گے، ہم دوستانہ تعلقات اور معاشی لین دین کے معاملات کو ایک دوسرے سے الگ کر کے دیکھتے ہیں، ہماری دوستی نہ تو امداد اور قرضوں سے خریدی جا سکتی ہے، اور نہ ہی دھمکیوں سے آزاد قوموں کے دوستانہ تعلقات آزاد فیصلوں کے نتیجے میں قائم ہوتے ہیں۔

ہماری دوستی امدادی اور قرضوں کی پابند نہیں اگر ہمارے بیرونی دوست امداد اور قرضوں کو ہماری پالیسیوں پر اثر انداز ہونے کے استعمال کریں گے تو ہمیں یہ پابندی قبول نہیں ہو گی

میرے عزیز ہم وطنو!!

ذمہ داریوں کے ابتدائی مختصر عرصے میں چند روز میں ملک سے باہر رہا،

آپ جانتے ہیں کہ خلیج کے علاقے میں انتہائی بنیادی اور دور رس نوعیت کی تبدیلیاں رونما ہو رہی ہیں جو پوری دنیا کے لیے اہمیت رکھتی ہیں، پاکستان ان سے الگ تھلگ نہیں رہ سکتا کیونکہ ان تبدیلیوں کا ہمارے حال اور مستقبل کے ساتھ بہت گہرا تعلق ہے، یہی نہیں بلکہ ان کا ہمارے دین و ایمان سے بھی گہرا تعلق ہے۔ کعبۃ اللہ اور روضہ رسول صلی اللہ علیہ وسلم ہمیں دل و جان سے زیادہ عزیز ہیں، ہمارا مال، ہمارے بچے، ہماری املاک غرض ہماری ہر چیز ان پر قربان،

پاکستان کا بچہ بچہ ان مقدس مقامات کی حفاظت کو اپنے ایمان کا جزو سمجھتا ہے، اللہ اور رسولؐ سے نسبت رکھنے والی ارض پاک کی طرف کسی کی میلی آنکھ بھی اٹھے تو سچا مسلمان اسے دیکھ کر غضبناک ہو جاتا ہے۔

عزیز ہم وطنو!!

میرا دوسرا بیرونی سفر سارک کانفرنس کے سلسلے میں تھا، وہاں میں نے بھارتی وزیراعظم مسٹر چندر شیکھر کے ساتھ اپنی ملاقات میں کشمیر کی صورتحال اور بابری

مسجد کے مسائل پر پاکستانی عوام کے اضطراب اور تشویش کا تفصیل سے ذکر کیا۔ اور بھارتی وزیراعظم کو آگاہ کیا کہ ہمارے عوام کشمیری عوام کی جدوجہد کے ساتھ گہری جذباتی وابستگی رکھتے ہیں، دونوں ملکوں کے تعلقات کو بہتر بنانے کے لیے مسئلہ کشمیر کا حل بہت ضروری ہے اس سلسلے میں ہم نے فیصلہ کیا ہے کہ سیکرٹریوں کی سطح پر ابتدائی رابطہ قائم کیا جائے، اس فیصلے کے نتیجے میں ۱۸، دسمبر کو بھارت کے سیکرٹری خارجہ اسلام آباد آرہے ہیں

میرے عزیز ہم وطنو!!

اندرون ملک ہم آہنگی کے علاوہ مجھے سب سے زیادہ بے چینی امن و امان کی صورتحال پر ہے، ہم اسے بہتر کرنے کی کوشش کر رہے ہیں، میں اپنے سیاسی دوستوں اور اتحادیوں کے علاوہ حزب اختلاف کی قیادت سے بھی ماحول کو بہتر بنانے کے لیے مثبت کردار کی امید رکھتا ہوں، میں نے قوم کے نام اپنے پہلے خطاب میں کہا تھا کہ میں انصاف کی رفتار کو ظلم کی رفتار سے تیز کر دوں گا، یہ کون سا انصاف ہے کہ مجرم تو ایک لمحہ میں کسی کا گھر ویران کر دے اور اس بھیانک جرم کا ارتکاب کرنے والے انسانیت کے دشمن پر کئی کئی سال کوئی ہاتھ نہ ڈال سکے، آج صرف ایک ماہ کے قلیل عرصے میں مجھے اعلان کرتے ہوئے خوشی ہو رہی ہے کہ اس سلسلے میں تاوان کی خاطر اغوا کے مجرموں کو عبرتناک سزائیں دینے کا قانون کابینہ نے منظور کر لیا ہے ایسے مجرموں کو سر عام سزائے موت دی جائے گی، انسانی جانوں سے کھیلنے اور اغوا کرنے والے درندوں کے مقدموں کے فیصلے سالوں کی بجائے دنوں میں کر کے انہیں کیفر کردار تک پہنچایا جائے گا۔ اس سلسلے میں وزیر اعلیٰ سندھ جام صادق سے کہا ہے کہ امن قائم کرنے کے لیے جتنے وسائل اور قانونی مدد کی ضرورت ہو گی وفاقی حکومت بلاتاخیر انہیں فراہم کرے گی، مجھے امید ہے کہ جام صادق اور ان کی کابینہ سندھ کے باشندوں کو وہ تحفظ اور امن فراہم کرنے میں کامیاب رہیں گے جو ان سے چھین لیا گیا ہے۔ ہمیں کلاشنکوف کلچر ختم کرنا ہے ہمیں اپنے معاشرے کے وجود کو اس زہر سے پاک کرنا ہے، پاک وطن میں بارود کی بدبو کی بجائے عزم قائد اور فکر اقبال کی خوشبو پھیلانا ہے،

آخر میں چند باتیں اسلوب حکومت کے سلسلے میں کرنا چاہتا ہوں، ہمارے ہاں یہ عادت سی بن گئی ہے کہ ارباب اقتدار، حکومت کی جانب سے بات کرتے وقت بھی سیاسی جلسوں جیسا انداز اختیار کر لیتے ہیں، حقیقی زندگی لفظوں کی طرح نہیں ہوتی، لفظوں کو ایک لمحے میں سجایا جا سکتا ہے، لیکن زندگی کو بنانے اور سنوارنے میں عمریں صرف ہو جاتی ہیں، کام بڑی ہی ٹھوس اور تھکا دینے والی چیز ہے، میں جان بوجھ کر آپ کو خوابوں اور جھوٹی امیدوں کی غیر حقیقی دنیا سے نکالنے کی پالیسی پر عمل کر رہا ہوں، میں نے اپنی پہلی تقریر میں بعض تلخ حقائق کی اسی لیے نشاندہی کی تھی کہ آپ کو غلط توقعات کا شکار ہونے سے بچاؤں، ہم نے بیرونی سہاروں اور جھوٹی امیدوں پر زندگی گذاری ہے، ہم نے اپنے مستقبل کی بہت سی خوشیاں پہلے ہی بے دریغ خرچ کر ڈالی ہیں، اب یہ رویہ ترک کرنے کی ضرورت ہے ہو سکتا ہے کہ آپ کو میری خاموش اور محنت بھری زندگی زیادہ دلکش نظر نہ آئے، لیکن اگر دنیا میں آزادی، عزت، اعتماد اور خودداری کے ساتھ زندہ رہنا ہے تو اپنے آپ کو آزمائش کی اس بھٹی میں ڈالنا پڑے گا، میں آپ سے ایسی زندگی کا وعدہ نہیں کر سکتا جس میں گلچھرے منانے کی آسائشیں ہوں، میں عزت اور خودداری کی بنیاد پر ایک باعزت اور باوقار معاشرہ قائم کرنے کا عزم لے کر آیا ہوں، اس کے لیے محنت اور صبر ہماری بنیادی ضرورت ہیں، آج کی حقیقی ضروریات انہیں سے پوری ہوں گی، آج میں آپ کو یہی یاد دلانے کے لیے حاضر ہوا ہوں کہ ہم تعمیر وطن کے لیے ایک صبر آزما دور میں داخل ہو چکے ہیں اس دور میں آپ کو ہنگاموں اور جھوٹی امیدوں کی گہما گہمی نہیں ملے گی، یہ مشغلے دلچسپ اور پرلطف ہوتے ہیں لیکن قرضوں اور افلاس کے بوجھ تلے دبی ہوئی قوم ان کی متحمل نہیں ہو سکتی، آپ مجھے ایک ایسا نمائندہ سمجھئے جو آپ کو بیکار مشغلوں میں الجھانے کی بجائے تعمیر و ترقی اور پر یقین مستقبل کی طرف لے جانے کے لیے آیا ہے۔ انشاء اللہ ہم ان ذمہ داریوں کو ہمت، حوصلے اور آپ کے تعاون سے پورا کریں گے، اللہ تعالیٰ ہماری مدد اور رہنمائی فرمائے۔

(آمین)



آئی جے آئی کی حکومت
بیروزگار نوجوانوں کو کب روزگار کے مواقع فراہم کرے گا۔

ایڈیٹر انچیف

آئی جے آئی کے نومنتخب وزیراعظم جناب نواز شریف نے پہلی نشری تقریر میں پڑھے لکھے نوجوانوں کو روزگار مہیا کرنے کا اعلان کیا ہے، وزیراعظم نوجوانوں کی توقعات پر کس حد تک پورا اتریں گے یہ تو آنے والا وقت ہی بتائے گا۔ بظاہر صورت حال انتہائی تشویشناک اور مایوس کن دکھائی دے رہی ہے، نواز شریف کی حکومت میں وزارت خزانہ نے پہلا وار بے روزگار نوجوانوں پر ہی کیا ہے، ادارہ سرمایہ کاری برائے نوجوانان جس کو مسلم لیگ کے صدر سابق وزیراعظم محمد خان جونیجو نے اپنے پانچ نکاتی پروگرام کے مطابق بے روزگار نوجوانوں کو چھوٹے کاروبار کے لیے قرضے مہیا کرنے کے لیے قائم کیا تھا، نواز شریف نے اس ادارے کے سالانہ مختص شدہ سرمائے کو ۴۰ کروڑ سے کم کر کے ۲۵ کروڑ کر دیا ہے۔

وزیراعظم نواز شریف لاہور سے منتخب ہونے والے ممبران قومی اسمبلی کے ہمراہ خوشگوار موڈ میں

ادارے سے نااہل سیاسی بنیادوں پہ بھرتی کیے گئے افراد کو فی الفور نکالا جائے

جبکہ ہمارے ملک میں میٹرک پاس بے روزگار نوجوانوں کی تعداد لاکھوں میں ہے، حکومت کے پاس نوکریاں ہزاروں میں ہیں وہ بھی رشوت اور سفارش کے بغیر ملتی ہی نہیں، ایسی صورت حال میں نواز شریف حکومت کو چاہیے تھا اس ادارے کی مختص شدہ رقم میں اضافہ کر کے ۴۰ کروڑ سے ۲ ارب تک بڑھاتے تاکہ بے روزگار نوجوانوں کو زیادہ سے زیادہ روزگار ملتا۔

نواز شریف حکومت کو دیکھنا چاہیے، اگر نوجوانوں کو روزگار نہیں ملے گا، تو نوجوان پیٹ کی بھوک مٹانے کے لیے خطرناک کام کریں گے سمگلر بنیں گے، ڈاکو بنیں گے، تخریب کار بنیں گے، ملک دشمن قوتوں کے آلہ کار بنیں گے، بے راہ روی کا شکار ہو کر حکومت کے لیے مشکلات پیدا کریں گے، ستم ظریفی یہ ہے نوجوان نسل کو درپیش سنگین اور خطرناک مسائل کی طرف توجہ دینے کے لیے ہمارے ملک کی بیوروکریسی کے پاس وقت نہیں نوجوانوں کے مسائل میں افسر شاہی کی لاپرواہی خطرناک صورت حال کی نشاندہی کر رہی ہے یوتھ کے مسائل ایک آتش فشاں پہاڑ کی مانند بن چکے ہیں، جو کسی وقت بھی پھٹ کر حکمرانوں کے لیے عبرت کے نشان بن سکتے ہیں، موجودہ وزیراعظم سے پاکستانی نوجوان بہت سی توقعات وابستہ کیے ہوئے ہیں، لاکھوں نوجوانوں کو روزگار مہیا کرنا موجودہ حکومت کے لیے ایک چیلنج ہے، بڑھتی ہوئی ہنگامی بے روزگاری پر قابو پانے کے لیے سنجیدگی سے پلاننگ منصوبہ بندی کی ضرورت ہے، حکومت کی عدم دلچسپی نے لاکھوں نوجوانوں کو بے روزگاری فاقہ کشی، مایوسی اور بے راہ روی کی طرف دھکیل دیا ہے،

آئی جے آئی کے وزیراعظم کو اپنی حکومت مضبوط اور مستحکم کرنے کے لیے انقلابی اقدامات کرنے پڑیں گے، اس ملک کے لاکھوں پریشان حال نوجوانوں کو روزگار دلانے کے لیے نعروں سے نکل کر عملی اقدامات کی طرف آنا ہو گا،

حقیقت یہ ہے ادارہ سرمایہ کاری برائے نوجوانان بے روزگار نوجوانوں کا اعتماد کھو چکا ہے، اس کی ناقص کارکردگی بے روزگار نوجوانوں کے لیے عذاب بن چکی ہے اصل حقدار غریب بے روزگار پڑھے لکھے نوجوان کے لیے اس ادارے سے قرضے کا حصول ناممکن ہے، یہ ادارہ وزارت خزانہ کے سخت تکلیف دہ انتہائی پیچیدہ قواعد و ضوابط کے باعث بے روزگار نوجوانوں کو قرضے فراہم کرنے سے قاصر ہے، بعض بااثر ایسے نوجوان سیاسی بنیاد پہ سفارش اور رشوت کے زور پر قرضے حاصل کر چکے ہیں۔ ایسے قرضوں کی واپسی مشکوک نظر آ رہی ہے، یہ ادارہ

اگر کسی خوش قسمت بے روزگار نوجوان کا قرضہ بھی منظور کر دے تو کریڈٹ لائینیں حاصل کرنے کے لیے غریب پریشان حال نوجوان کو چھ چھ مہینے انتظار کرنا پڑتا ہے، مثال کے طور پر ادارہ سرمایہ کاری برائے نوجوانان (YIPS) نے جو قرضے پچھلے سال سے بے روزگار نوجوانوں کے لیے منظور کیے ہوتے

منظور شدہ قرضے بھی التوا میں پڑ جاتے ہیں

ہیں کریڈٹ لائسنس نہ ملنے کی بنا پر ابھی تک التوا میں پڑے ہوتے ہیں، اس ملک میں بے روزگار نوجوانوں کے ساتھ اس سے بڑا ظلم اور کیا ہو گا، قرضہ ملنے سے پہلے ہی بے روزگار نوجوان اداروں کے چکر لگا لگا کر مقروض ہو جاتے ہیں

وزیراعظم نواز شریف اور ان کی حکومت کو فوری طور پر اس ادارے کی اصلاح کی طرف توجہ دینی ہو گی، اس ادارے کی اصلاح کے لیے ضروری ہے، اس ادارے سے نااہل سیاسی بنیادوں پر بھرتی کیے گئے افراد کو فی الفور نکالا جائے، اس ادارے کے لیے دیانتدار باصلاحیت تجربہ کار افسران کی خدمات حاصل کی جائیں، جو اس ادارے کی کارکردگی میں اضافہ کریں، نوجوانوں میں کھوئے وقار کو بحال کریں، نوجوانوں کو ملک کی تعمیر و ترقی اور خوشحالی میں برابر شریک کرنے کے لیے ہمہ تن مصروف جدوجہد کریں

YIPS کے ادارے کے سرمائے کو ۴۰ کروڑ سے بڑھا کر کم از کم ۲ ارب روپیہ کیا جائے، اور قرضہ کی رقم پچاس ہزار سے بڑھا کر ایک لاکھ روپیہ فی نوجوان کی جائے، ہر سال ۲۵ ہزار بے روزگار نوجوانوں کو روزگار کے لیے قرضے فراہم کرنے کا ہدف مقرر کیا جائے، سیاسی بنیادوں پر جاری کیے گئے قرضوں کی واپسی کو ممکن بنایا جائے۔

YIPS کے ادارے کو سمال بزنس فنانس، این ڈی، ایف سی، فیڈرل کوآپریٹو بینک کے تسلط سے آزاد کر کے آزاد خود مختار کارپوریشن کا درجہ دے دیا جائے۔ YIPS کے ادارے کو ملک گیر بنیادوں پر آرگنائز کیا جائے، اس کے دفاتر ضلعی سطح پر قائم کیے جائیں، دیہی اور شہری علاقوں کے نوجوانوں کو روزگار فراہم کرنے کے لیے فوراً پلان شروع کیا جائے، تاکہ وہ اپنے اپنے علاقوں میں رہتے ہوئے کوئی کاروبار شروع کر سکیں۔ موجودہ حکومت کے ان اقدامات سے دیہی علاقوں میں ترقی ہو گی، وہاں سے احساس محرومی میں کمی ہو گی، بڑے شہروں پہ آبادی اور بے روزگاری کا بوجھ کم ہو گا،

آج کے نوجوان میں جو بے چینی، احساس محرومی پیدا ہو رہی ہے، وہ نہایت تشویشناک ہونے کے ساتھ ساتھ آئی جے آئی کی موجودہ حکومت کے لیے بہت بڑا چیلنج ہے۔ ہمیں امید ہے وزیراعظم نواز شریف نوجوانوں کے ساتھ کیے گئے اپنے وعدوں کو جلدی عملی جامہ پہنائیں گے، بے روزگار نوجوانوں کو ترقی و خوشحالی کی نوید دیں گے،

ورنہ بقول ڈاکٹر علامہ اقبال

" بندۂ مزدور بندۂ بے روزگار کے اوقات سخت سے سخت تر ہوتے جائیں گے، ان کی شنوائی کون کرے گا،

HER MAJESTY QUEEN AISHWARYA RAJYA LAXMI DEVI SHAH

Her Majesty Queen Aishwarya Rajya Laxmi Devi Shah was born on November 7, 1949 (Kartik 22, 2006 v.s.) at Lazimpat in Kathmandu. Her Majesty is the eldest daughter of Lieutenant-General Kendra Shumshere J.B. Rana and Mrs. Shree Rajya Laxmi Rana. Her family life from her childhood onward has remained a happy and interesting one.

Birth of HRH the Crown Prince

Her Majesty Queen Aishwarya was delivered of His Royal Highness Crown Prince Dipendra Bir Bikram Shah Dev on the 27th of June 1971. With the birth of His Royal Highness a new light has further enkindled the glory of the Shah Dynasty. As for the Nepalese, they are overwhelmed with joy as they see in the Crown Prince a golden link in the unbroken historic continuity of the Shah Kings.

Coronation

The auspicious Coronation of His Majesty King Birendra Bir Bikram Shah Dev and Her Majesty Queen Aishwarya Rajya Laxmi Devi Shah was solemnised in accordance with Vedic rites and ancient traditions at Hanuman Dhoka Royal Palace in Kathmandu on the 24th of February 1975.

Birth of HRH Princess Sruti

Her Majesty the Queen was delivered of Her Royal Highness Princess Sruti Rajya Laxmi Devi Shah on the 16th of October 1976.

Birth of HRH Prince Nirajan

Her Majesty the Queen was delivered of His Royal Highness Prince Nirajan Bir Bikram Shah on the 6th of November 1978.

Role in Women Uplift

Her Majesty the Queen has been playing a very significant role in the advancement and uplift of the women in Nepal. The International Women's Year, 1975 provided one more opportunity to Her Majesty the Queen in providing excellent guidance—theoretical and practical to the Nepalese society towards this end. By patronising International Women's Year Committee, 1975, Nepal, Her Majesty not only inaugurated various projects and programmes pertaining to the uplift of women in all the development regions of the country but also provided inspiration and excellent guidance to the Committee.

Her Majesty also inaugurated a United Nations Regional Conference on "The Participation of Women in Political, Economic and Social Development" on the 15th of February 1977. The Conference was attended too by participants from ESCAP member-countries, several UN specialised agenci .s and about eighty non-govern- mental organisations.

Her Majesty Queen Aishwarya is the Chairperson of the Social Services National Co-ordination Council. This Council was established in February 1977 with a view to bring about co-ordination in the functions of various social organisations in Nepal. The Council also seeks to develop and expand effective service-system pertaining to social welfare. The Council has several sub-committees under it.

The sub-committees are as follows:-

1. Health Services Co-ordination Committee
2. Child welfare Co-ordination Committee
3. Women's Services Co-ordination Committee
4. Youth Activities Co-ordination Committee
5. Community Services Co-ordination Committee
6. Hinduism Services Co-ordination Committee

Her Majesty the Queen is also the Chief Patroness of the Nepal Scouts.

Thus, along with His Majesty King Birendra Bir Bikram Shah Dev, Her Majesty Queen Aishwarya Rajya Laxmi Devi Shah has also become the centre of hopes and aspirations of the people of Nepal.

Her Majesty the Queen is also the Chairperson of the Pasupati Area Development Trust.

Social Reforms

His Majesty the King has laid equal emphasis on awakening the Nepalese women from the darkness o ignorance and backwardness and to make them parti-cipate in the country's development process. As a result women all over the country are enjoying educational and training facilities better than ever before. At the call of th United Nations the International Women's Year 1975 wa observed throughout the world by its member countrie The year was observed in Nepal under the Patronage Her Majesty Queen Aishwarya Rajya Laxmi Devi Shah The Legal Code, Sixth Amendment Ordinance, 197 issued by His Majesty the King and various projects an programmes pertaining to women's uplift implemente in all the development regions of the country have bee instrumental in providing the Nepalese women the social, political and economic rights and protections.

BIO-DATA OF RT. HON'BLE PRIME MINISTER

KRISHNA PRASAD BHATTARAI

Born in December 1924 in Benaras. Youngest son of late Shankata Prasad Bhattarai and Lalita Devi Bhattarai. His father was living a life of exile from Rana rule in Benaras.

He was graduated (Economics) from Benaras Hindu University adn was associated witht he Indian National Congress and Qit India Movement. In 1942 was impris oned for a brief period in India. Active in Student politics BHU, he organised the first Nepali Student's Association in Benaras Hindu University. He was elected Vice President of the Association. Nepal students body was the forerunner of Nepali National Congress. Mr. Bhattarai has been a great fighter for human rights and democracy throughout his career. He is a founder member of the Nepali National Congress in January 1947 which ultimately merged with Nepal Democrat Congress in 1950. Since the very begining Mr. Bhattarai has been in responsible positions in the party throughout his political career.

He was the commander of the revolutionary forces that captured the eastern hill district of Udaipur during the revolution in 1950. After the successful termination of 1950-51 revolution, Mr. Bhattarai was appointed Speaker of the First Advisory Assembly at the early age of 26 thus breaking the world record by becoming the youngest speaker of a Legislature.

He was the first President of the Nepal Journalist Assocation in which capacity he visited USSR and UK in 1957. Incidentally, he was the first foreign correspondent to have an exclusive interview with the USSR Prime Minister and Secretary General of the Communist party of USSR Nikita Khrushchev for two and half hours.

He became in the first elected Parliment in 1959 and led a parliamentary delegation to India paving the way for the subsequent visit of the then Nepalese Prime Minister Bishweshwar Prasad Koirala. Both these visits were successful and proved advantageous to Nepal in making ways.

He is an avid reader and has special interest in poems and philosophy. He is a bachler.

He was impris oned during the Royal takover of December 15, 1960 and when detained in Sundrijal Military Jail and later Nakku Jail for more than nice years. Thereafter because of his political activities he was arrested intermittently totalling his period of jail lifeto 14 years and more.

He became acting President of the Nepali Congress party in 1977 and that he still continues. Mr. Bhattarai was appointed Prime Minister of Nepal on April 19,1990. He holds the portfolios of Royal Palace Affairs, Defence and Foreign Affairs.

HM King Birendra Bir Bikram Shah Dev,
HM Queen Aishwarya Rajya Laxmi Devi Shah
HRH Crown Prince Dipendra Bir Bikram Shah Dev
HRH Princess Sruti Rajya Laxmi Devi Shah
HRH Prince Niraian Bir Bikram Shah

THE ROYAL FAMILY

HIS MAJESTY KING BIRENDRA BIR BIKRAM SHAH DEV

His Majesty King Birendra Bir Bikram Shah Dev, the eldest son of His late Majesty King Mahendra (the then Crown Prince) and the late Crown Princess Indra Rajya Laxmi Devi Shah, was born on the 28th of December 1945 at the Narayanhity Royal Palace, Kathmandu.

His Majesty King Birendra ascended the throne of the Kingdom of Nepal on the 31st of January 1972 (Magh 17, 2028) upon the sad and sudden demise of His Majesty King Mahendra.

The auspicious Coronation of His Majesty King Birendra Bir Bikram Shah Dev was solemnised amidst Vedic rites on the 24th of February 1975(Falgun 12, 2031).

Besides swimming and riding, His Majesty also flies helicopter. Sports and physical exercises hold an important place in the life of His Majesty.

The auspicious wedding of His Majesty the King was solemnised with Her Majesty Queen Aishwarya Rajya Laxmi Devi Shah in February 1970. Born on June 27, 1971, His Royal Highness Crown Prince Dipendra Bir Bikram Shah Dev is the first issue of the Royal couple. Her Royal Highness Princess Sruti Rajya Laxmi Devi Shah, their daughter, was born on October 15, 1976. Their Majesties were blessed with a third child, His Royal Highness Prince Nirajan Bir Bikram Shah on November 6, 1978.

After the successful completion of education at St. Joseph's, His Majesty proceeded to Eton College, England in 1959 for further education. He spent close to five years as a student at Eton participating in all school activities like any other student.

At Eton the regimen was strictly followed together with the curriculum that the college prescribed for its students. The excellent guidance provided by the House Master and others is fondly remembered and the friendships formed then have endured. During his years at Eton, especially during vacations, His Majesty made extensive tours of several European countries. These tours widened the horizons of his knowledge.

His Majesty King Birendra was included in the Royal entourage during His late Majesty King Mahendra's State Visit to the United Kingdom in 1960. His Majesty was also an observer-participant in the first summit conference of Non-aligned nations held in Belgrade, Yugoslavia in 1961. His Majesty completed his studies at Eton in June 1964 and returned to Kathmandu visiting the Soviet Union, Iran and other countries en route.

The Subha Upanayan ceremony of His Majesty was solemnised amidst Vedic rites in April 1963. During this ceremony a Hindu puts on for life a sacred thread indicative of the assumption of Vedic responsibility.

The Coming-of-Age Ceremony of His Majesty was held on the 17th of September 1964 at Hanuman Dhoka Royal Palace, Kathmandu. During this ceremony His late Majesty the King conferred on him the title of Grand-master and Colonel-in-Chief of the Royal Nepal Army.

As a painter His Majesty belongs to the Impressionist School. But personal preference aside, the Nepal Association of Fine Arts (NAFA) founded under his chairmanship encouraged both traditional and modern Nepali arts. NAFA was merged into the Royal Nepal Academy in 1976.

In February - March 1989 movemnet for Democracy was launched in Nepal. It received a wide support from the people. By recognising the will and the aspiration of the people His Majesty the King lifted the ban imposed on political parties during the panchayat system, after negotiating with the Nepalese Congess and united Left Front leaders. His Majesty also announced that Multi party Democracy will be established in Nepal in April 1990. New interim Government headed by Rt.Hon. Prime Minister Krishna Prasad Bhattarai was established. The cabinet consisted of representatives of Nepali Congress, United Left Front and Independent. It was entrusted with the task of strengthening constitutional Monarchy. Multi Party Democracy and holding a free, fair and impartial election within a period of one Year.

In May 1990, His Majesty the King formed a constitution recommendation commission to draft and recommend new constitution of Nepal on advice of the prime Minister. Draft Constitution was submitted by the Commission and His Majesty the King on the advice of the Prime Minister Promulgated the Constitutoin of Nepal on 9 November 1990. the constitution guarentees Fundamental Rights of the people. It has provision of a Parliament of two Houses. House of Representative consist of 205 members elected on the basis of Adult Franchice and the Council of State will consist 60 members. The constitution has provision for Parliamentary form of Government, constitutional Monarchy and Multi Party Democracy and independence of Judiciary.

His Majesty the King has played a significant and very important role for the establishment of multi party democracy in Nepal. His Majesty's far sighted wisdom and dynamic leadership has saved Nepal from the crisis and paved the smooth way for National reconciliation instead of confrontation during and after the movement for democracy.

Nepal and Pakistan have very good relationship ever since the establishment of relations. The relationship has been further consolidated by the exchange of visits of leaders and delegations from both the countries. Both the countries have identity of views on many international questions. A Joint Economic commission has been established between Nepal and Pakistan to promote trade, commercial and economic relations. The Commission had its meetings in Islamabad and Kathmandu and has indentified the areas of cooperation. Being the members of the SAARC both Nepal and Pakistan have become much closer. The people of Nepal have warm feelings of friendship and goodwill towards the people Pakistan. The relationship is developing day by day between the two countries.

I also would like to take this opportunity to extend Felicitations and good wishes to His Excellency Mr. Ghylam Ishaq Khan, President of the Islamic Republic of Pakistan and His Excellency Mr. Mohammad Nawaz Sharif, Prime Minister of the Islamic Republic of Pakistan for their wise quidance to the nation for perpetual peace and prosperity.

Royal Nepalese Ambassador

SPECIAL

Write up on Nepal

ON THE 6TH AUSPICIOUS BIRTHDAY OF HIS MAJESTY KING BIRENDRA BIR BIKRAM SHAH DEV

MESSAGE FROM THE AMBASSADOR

Arjum Narsing Rana

